تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 23, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں چھہترویں یوم جمہوریہ کی تقریبات کا انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں چھہترویں یوم جمہوریہ سے متعلق تقریبات مورخہ چھبیس جنوری دو ہزار پچیس کو صبح بجے شروع ہوں گی۔ یوم جمہوریہ کی تقریبات ڈاکٹر ایم اے انصاری آڈیٹوریم کے سامنے سبزہ زار پر انجام پائیں گی۔

سینئر آئی اے ایس افسر جناب فیض احمد قدوائی، ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) ڈائریکٹوریٹ جنرل سول ایوی ایشن (ڈی جی سی اے) یوم جمہوریہ کی تقریبات کے موقع پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوں گے۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ قومی پرچم لہرائیں گے جس کے بعد قومی ترانہ گایا جائے گا اور اس کے بعد ڈاکٹر ایم۔اے۔انصاری آڈیٹوریم میں وہ سامعین و حاضرین سے خطاب کریں گے۔ نیز اس موقع پر اسٹوڈینٹس ہینڈ بک' کی رسم رونمائی ہوگی اور جامعہ اسکول اور یونیورٹی کے طلبہ ثقافتی پروگرام پیش کریں گے۔

ڈاکٹر ایم۔اے۔انصاری آڈیٹوریم کے سامنے سبزہ زار پر، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سیکوریٹی کارکنان کے ساتھ این سی سی کیڈیٹ کی پریڈ ہوگی۔

یوم جمہوریہ کی تقریبات کی میڈیا رپورٹنگ کے لیے میڈیا کے افراد سے شرکت کی پرخلوص گزارش ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی